# سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان آکسیجن لمیٹڈ (''کمپنی'') کا 77واں سالانہ اجلاسِ عام (''AGM'') بروز پیر، **27 اپریل 2026ء** کو دوپہر **2:30** بجے بذریعہ ویڈیو لنک سہولت اور بالمشافہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا تاکہ درج ذیل اُمور زیرِ کارروائی لائے جاسکیں:

**عمومی اُمور:**

1. 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالی گوشوارے اور اُن کے ساتھ منسلک ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا اور اُنھیں زیرِ غور لانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 223(7) کے مطابق اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے 21 مارچ 2023ء کو جاری کردہ S.R.O. 389(I)/2023 کے تحت، 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کردی گئی ہے جسے درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

Financial Statements | Pakistan Oxygen Limited

2. کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور اُن کے معاوضے کا تعین کرنا۔

بحکم بورڈ

کراچی:
27 فروری 2026ء

**مظہر اقبال**
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

**1. شیئر ٹرانسفر بُکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بُکس 20 اپریل 2026ء سے 27 اپریل 2026ء تک (بشمول ایّامِ مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک-B، SMCHS، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں 17 اپریل 2026ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت اور مذکورہ بالا حق کے مقصد کے لیے بروقت تصوّر کیے جائیں گے۔

**2. اجلاس میں شرکت:**

وہ رُکن جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، گفتگو کرنے اور ووٹ دینے کا حق دار ہو وہ اپنے نمائندے (پراکسی) کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرّر کرسکتا ہے اور اِس طرح مقرّر کردہ پراکسی کو اجلاس میں گفتگو کرنے اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کسی رُکن کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی انسٹرومنٹ کے مؤثر ہونے کے لیے لازمی ہے کہ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000 پر جمع کروایا جائے یا ای میل کے ذریعے **company.secretary@pakoxygen.com** پر بھیجا جائے۔ پراکسی کمپنی کا رُکن ہونا چاہیے، تاہم اگر ادارہ کمپنی کا رُکن ہو تو وہ اپنے افسران میں سے کسی ایک یا کسی اور شخص کو بطور پراکسی مقرّر کرسکتا ہے خواہ وہ کمپنی کا رُکن نہ ہو۔ مزید یہ کہ پراکسی انسٹرومنٹ کی نقول کمپنی کی ویب سائٹ **(https://www.pakoxygen.com)** سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

**3. اراکین کے پتے میں تبدیلی:**

اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے پتے یا بینک سے متعلق ہدایت (بینک مینڈیٹ) میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ان کے مذکورہ بالا پتے پر دیں۔

**4. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:**

سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (''CDC'') کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 26 جنوری 2000ء کو جاری کردہ سرکلر 1 میں بیان کردہ درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا:

**A. اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i) بصورتِ فرد اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا جہاں لاگو ہو اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

**B. پراکسی مقرّر کرنے کے لیے:**

i) بصورتِ فرد اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، اوپر بیان کردہ تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائے گا۔

ii) پراکسی فارم کی تصدیق دو افراد کریں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج کرنا ہوں گے۔

iii) مستفید مالکان اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت جہاں لاگو ہو اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروانا ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

**5. ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

کمپنی نے اپنے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کے لیے ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے شرکت کے لیے بھی ضروری انتظامات کیے ہیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں، اُن سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات، جیسا کہ ذیل کی جدول میں درج ہیں، ای میل، واٹس ایپ یا کسی بھی دوسرے الیکٹرانک ذریعے سے یا بذریعہ ڈاک /کوریئر درج ذیل پتے پر **"پاکستان آکسیجن لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام-2026ء کے لیے رجسٹریشن"** کے عنوان کے ساتھ CNIC کی دونوں اطراف کی درست نقل کے ہمراہ ارسال کریں:

**ای میل:** company.secretary@pakoxygen.com

**سیل فون نمبر:** +92 320 5794509

**رجسٹرڈ دفتر کا پتہ:** پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000:

| شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان اراکین/مقرّر کردہ پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز بشمول مذکورہ بالا تفصیلات سالانہ اجلاسِ عام کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو وصول ہو جائیں گی۔

**6. سالانہ رپورٹ 2025ء کی الیکٹرانک ترسیل:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 223(6) کی تعمیل میں اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 21 مارچ 2023ء کو جاری کردہ S.R.O. 389(I)/2023 کے تحت کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2025ء ویب لنک، QR کوڈ اور ای میل کے ذریعے اُن اراکین کو الیکٹرانک طور پر ارسال کر دی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔ تاہم اُن صورتوں میں کہ جہاں ای میل ایڈریسز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں اُنھیں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس مع کارآمد QR کوڈ/ ویب لنک بذریعہ ڈاک بھیج دیا گیا ہے، جس کے ذریعے وہ سالانہ رپورٹس (بشمول مالیاتی گوشوارے) ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

اس کے باوجود اگر کوئی رُکن درخواست دے تو کمپنی درخواست وصول ہونے کے 7 دن کے اندر سالانہ رپورٹ مالی سال 2025ء کی پرنٹ شدہ نقول اُن کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔ وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع کے ساتھ حاصل کرنا چاہتے ہوں وہ اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر سکتے ہیں۔ اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر دستیاب ہے۔

مزید برآں، اراکین سے درخواست ہے کہ اگر اُن کے حصص فزکل شکل میں ہوں تو وہ اپنا درست ای میل ایڈریس (درست CNIC کی نقل کے ساتھ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فراہم کریں یا اگر حصص بُک انٹری فارم میں رکھے گئے ہوں تو اپنے متعلقہ پارٹسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

**7. کمپنی کی ویب سائٹ پر سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی دستیابی:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 223(7) کی دفعات کے مطابق، 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر دستیاب ہیں۔

**8. NTN/ CNIC کی فراہمی (لازمی):**

وہ شیئر ہولڈرز جنھوں نے ابھی تک اپنے درست CNIC کی فوٹو کاپی کمپنی/شیئر رجسٹرار کو فراہم نہیں کی اُن سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے CNIC کی نقل براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ کارپوریٹ اداروں سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کر دیں۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017ء کے ریگولیشن نمبر 6 کے مطابق اگر شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا شناختی نمبر (CNIC یا NTN) دستیاب نہ ہو تو کمپنی شیئر ہولڈرز کو منافع کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔

**9. ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی):**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 کے مطابق نقد منافع کی کوئی بھی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقے سے براہِ راست شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کی جائے گی۔ لہٰذا اِس اطلاع کے ذریعے تمام شیئر ہولڈرز سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات (یعنی اکاؤنٹ ٹائٹل، مکمل بینک اکاؤنٹ نمبر یعنی 24 ہندسوں پر مشتمل IBAN، بینک کا مکمل پتہ، بینک کا نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس) آئندہ کسی بھی نقد منافع کی ادائیگی کے لیے الیکٹرانک طریقے سے اَپ ڈیٹ کر دیں۔ اگر حصص فزکل شکل میں ہوں تو براہِ کرم اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ براہِ کرم مستقبل میں کسی بھی دُشواری سے بچنے کے لیے اپنی تفصیلات جلد از جلد اَپ ڈیٹ کر دیں۔

**10. غیر دعویٰ شدہ حصص/ غیر ادا شدہ منافع:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کے مطابق شیئر ہولڈرز کو نوٹس جاری کرنے کے بعد بھی جو شیئرز یا ڈیویڈنڈ واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رہیں، اُنھیں کمیشن کے پاس بحق وفاقی حکومت جمع کروانا لازم ہے۔ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ حصص یا اعلان شدہ ڈیویڈنڈ جن کی بابت ابھی تک دعویٰ نہیں کیا گیا یا جو ابھی تک غیر ادا شدہ ہیں، اُن کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ www.pakoxygen.com پر دستیاب ہیں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ غیر دعویٰ شدہ حصص/ غیر ادا شدہ منافع کے حوالے سے اپنے دعوے بروقت جمع کروائیں۔ اگر کوئی دعویٰ وصول نہ ہوا تو کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 244 کی ذیلی دفعہ 2 کے تحت غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ رقم وفاقی حکومت کے پاس جمع کروا دے گی۔

**11. فزکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں تبدیلی:**

اس موضوع پر کمپنی کی جانب سے پہلے جاری کردہ براہِ راست خطوط اور اخباری نوٹس کے تسلسل میں وہ شیئر ہولڈرز جو ابھی تک اپنے حصص فزکل شکل میں رکھتے ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 72(2) کی تعمیل کے لیے جلد از جلد اپنے فزکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کر لیں۔ شیئر ہولڈرز CDS اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے کسی PSX ممبر، CDC پارٹسپنٹ یا CDC انویسٹر اکاؤنٹس سروسز پرووائیڈر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

حصص کو بُک انٹری فارم میں رکھنے کے متعدد فوائد ہیں جن میں حصص کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجرا کے لیے درکار کارروائیوں سے بچاؤ اور اوپن مارکیٹ میں بہتر قیمت پر خرید و فروخت کے لیے فوری دستیابی وغیرہ شامل ہیں۔

**12. اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ ٔ اخلاق:**

ایکٹ کی دفعہ 215 کے تحت شیئر ہولڈرز براہِ راست انتظامیہ پر اِس طرح اثر انداز نہیں ہوں گے یا ایسے اقدامات نہیں کریں گے جس سے اُس کے کام میں رکاوٹ پیدا ہو۔ مزید برآں، کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کے ریگولیشن 55 **''اجلاس میں شیئر ہولڈرز کے طرزِ عمل''** کے مطابق شیئر ہولڈرز کو درج ذیل اصولوں پر عمل کرنا ہوگا:

i) ایسی کوئی چیز/ مواد اجلاس میں نہ لائیں جو شر کا یا اس مقام کے لیے خطرہ بنے جہاں اجلاس منعقد ہو رہا ہے؛

ii) خود کو اجلاس کی اطلاع میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں؛

iii) اپنے تبصرے اور گفتگو کمپنی کے اُمور تک محدود رکھیں؛ اور

iv) ایسا عمل اختیار نہ کریں جس سے کسی سیاسی وابستگی کا اظہار ہو یا دیگر اراکین کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔

**13. شیئر ہولڈرز میں تحائف کی تقسیم پر پابندی:**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے 2018ء کے سرکلر نمبر 2 بتاریخ 09 فروری 2018ء اور S.R.O.452(I)/2025 بتاریخ 17 مارچ 2025ء کے ذریعے کمپنیز کو اجلاسِ عام کے موقع پر یا اُس کے سلسلے میں اراکین کو تحائف، مراعات یا کسی بھی نوعیت کے ملتے جلتے فوائد (بشمول ٹوکنز، کوپن، کھانے یا ٹیک اَوے پیکجز وغیرہ) پیش کرنے یا تقسیم کرنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ ایکٹ کی دفعہ 185 کے مطابق ان ہدایات کی عدم تعمیل قابلِ سزا جرم ہے اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنیز کے خلاف قانونی کارروائی اور جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔ کمپنی قانون کے مطابق ان تقاضوں کی سختی سے تعمیل کرے گی۔